سندھ آرڈیننس نمبر LIX مجریہ ۱۹۸۴

SINDH ORDINANCE NO.LIX OF 1984

این ای ڈی یونیورسٹی آف انجنیئرنگ اینڈ ٹیکنالاجی (ترمیم) آرڈیننس، ۱۹۸۴

THE N.E.D UNIVERSITY OF ENGINEERING AND TECHNOLOGY (AMENDMENT) ORDINANCE, 1984

(CONTENTS) فہرست

(Preamble) تمہید

۱۔ مختصر عنوان اور شروعات

Short title and commencement

۲۔ ۱۹۷۷ کے سندھ ایکٹ III کی دفعہ ۳٦ کی ترمیم

Amendment of section 36 of Sindh Act III of 1977

۳۔ ۱۹۷۷ کے سندھ ایکٹ III کی دفعہ ۴۵ کی ترمیم

Amendment of section 45 of Sindh Act III of 1977

۴۔ ۱۹۷۷ کے سندھ ایکٹ III کی دفعہ ۵۰ کی ترمیم

Amendment of section 50 of Sindh Act III of 1977

سندھ آرڈیننس نمبر LIX مجریہ ۱۹۸۴

SINDH ORDINANCE NO.LIX OF 1984

این ای ڈی یونیورسٹی آف انجنیئرنگ اینڈ ٹیکنالاجی (ترمیم) آرڈیننس، ۱۹۸۴

THE N.E.D UNIVERSITY OF ENGINEERING AND TECHNOLOGY (AMENDMENT) ORDINANCE, 1984

[۱۲ دسمبر ۱۹۸۴]

آرڈیننس جس کی توسط سے این ای ڈی یونیورسٹی آف انجنیئرنگ اینڈ ٹیکنالاجی ایکٹ، ۱۹۷۷ میں ترمیم کی جائے گی۔

تمہید (Preamble)

جیسا کہ شرعی عدالت نے این ای ڈی یونیورسٹی آف انجنیئرنگ اینڈ ٹیکنالاجی ایکٹ، ۱۹۷۷ میں کچھ ترامیم کرنے کی ہدایت کی ہے؛

اور جیسا کہ این ای ڈی یونیورسٹی آف انجنیئرنگ اینڈ ٹیکنالاجی ایکٹ، ۱۹۷۷ میں ترمیم کرنا مقصود ہے، جو اس طرح ہوگی؛

اب اس لیئے، ۵ جولائی ۱۹۷۷ کے اعلان کے تحت، قانون (نافذ کرنے والا تسلسل) حکم، ۱۹۷۷ کی روشنی میں، گورنر سندھ نے مندرجہ ذیل آرڈیننس بنا کر نافذ کرنا فرمایہ ہے:

مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement

۱۔ (۱) اس آرڈیننس کو این ای ڈی یونیورسٹی آف انجنیئرنگ اینڈ ٹیکنالاجی (ترمیم) آرڈیننس، ۱۹۸۴ کہا جائے گا۔

(۲)یہ فی الفور نافذ ہوگا۔

۱۹۷۷ کے سندھ ایکٹ III کی دفعہ ۳۶ کی ترمیم
Amendment of section 36 of Sindh Act III of 1977

۲۔ این ای ڈی یونیورسٹی آف انجنیئرنگ اینڈ ٹیکنالاجی ایکٹ، ۱۹۷۷ میں، جس کو اس کے بعد بھی مذکورہ ایکٹ کہا جائے گا، اس کی دفعہ ۳۶ میں، آخر میں آنے والے فل اسٹاپ کو کولن سے تبدیل کیا جائے گا اور اس کے بعد مندرجہ ذیل شرطیہ بیان شامل کیا جائے گا:

۱۹۷۷ کے سندھ

"بشرطیکہ اپیل یا نظرثانی میں کوئی حکم جاری نہیں کیا جائے گا جب تک اپیل کرنے والے یا درخواست گذار، جیسے بھی معاملہ ہو، ان کو صفائی پیش کرنے کا موقعہ فراہم نہیں کیا جاتا۔"	
۳۔ مذکورہ ایکٹ کی دفعہ ۴۵ میں، آخر میں آنے والے فل اسٹاپ کو کولن سے تبدیل کیا جائے گا اور اس کے بعد مندرجہ ذیل شرطیہ بیان شامل کیا جائے گا: "بشرطیکہ اپیل میں کوئی بھی حکم جاری نہیں کیا جائے گا جب تک اپیل کرنے والے کو صفائی پیش کرنے کا موقعہ فراہم نہ کیا جائے۔"	ایکٹ III کی دفعہ ۴۵ کی ترمیم Amendment of section 45 of Sindh Act III of 1977
۴۔ مذکورہ ایکٹ کی دفعہ ۵۰ میں، لفظ "کیئے گئے" اور لفظ "کے نیچے" کے درمیان الفاظ "نیک نیتی سے" شامل کیئے جائیں گے۔	۱۹۷۷ کے سندھ ایکٹ III کی دفعہ ۵۰ کی ترمیم Amendment of section 50 of Sindh Act III of 1977

نوٹ: آرڈیننس کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لیئے ہے، جو کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا۔